## [AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**BILL**

*further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;-

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**-(1) This Act shall be called the Constitution (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new Article 9-A in the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, after Article 9, the following new Article 9-A shall be inserted, namely:-

> "9-A (1) The State shall be provide free health services to all citizens of Pakistan to enjoy the highest attainable standard of physical and mental health in such manner as may be determined by law.
>
> (2) Every individual shall have affordable and equitable access to the health facilities."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The provision of health is an inalienable human right, globally recognized as a fundamental right. Despite numerous efforts to improve health infrastructure and services, significant disparities in access to healthcare persist across the country. The Constitution of Pakistan, while enshrine several fundamental rights, does not explicitly recognize the right to health as an independent and fundamental right. To ensure people access to free health services and enable them to enjoy the highest attainable standard of physical and mental health, the right to health should be declared as fundamental human right in the Constitution of Pakistan. This is essential to address the pressing need for accessible and equitable healthcare services for all citizens of Pakistan.

The Bill seeks to achieve the above objectives.

**Sd/-**
**MR. AMJAD ALI KHAN,**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور میں نئے آرٹیکل ۹-الف کی شمولیت۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں آرٹیکل ۹ کے بعد درج ذیل نیا آرٹیکل ۹-الف شامل کیا جائے گا، یعنی:۔

"۹-الف (۱) ریاست پاکستان کے تمام شہریوں کو جسمانی اور ذہنی صحت کے اعلیٰ ترین قابل حصول معیار سے مستفید ہونے کے لیے صحت کی مفت خدمات قانون میں متعین کردہ طریقہ کار کے مطابق فراہم کرے گی۔

(۲) ہر فرد کو صحت کی سہولیات تک سستی اور یکساں رسائی حاصل ہوگی۔"

## بیان اغراض و وجوہ

صحت کی فراہمی ایک لازمی انسانی حق ہے جسے عالمی سطح پر بنیادی حق کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ صحت کے بنیادی ڈھانچے اور خدمات کو بہتر بنانے کی متعدد کوششوں کے باوجود پورے ملک میں حفظان صحت تک رسائی میں نمایاں فرق پایا جاتا ہے۔ پاکستان کا دستور اگرچہ کئی بنیادی حقوق کا احاطہ کرتا ہے، صحت کے حق کو ایک الگ اور بنیادی حق کے طور واضح طور پر تسلیم نہیں کرتا۔ صحت کی مفت خدمات تک لوگوں کی رسائی یقینی بنانے اور انہیں جسمانی اور ذہنی صحت کے اعلیٰ ترین قابل حصول معیار سے مستفید ہونے کے قابل بنانے کے لیے پاکستان کے دستور میں صحت کے حق کو بنیادی انسانی حق قرار دیا جائے۔ پاکستان کے تمام شہریوں کے لیے حفظان صحت کی قابل رسائی اور یکساں خدمات کی اہم ضرورت کو پورا کرنے کے لیے یہ ضروری ہے۔

بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/-

جناب امجد علی خان

رکن قومی اسمبلی